PR NO 12

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

کم آمدنی والے طبقے کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں۔وفاقی محتسب

وفاقی محتسب نے رواں سال کے دو ماہ میں 30,132 شکایات کے فیصلے کئے

وفاقی محتسب میں جائزہ اجلاس کے دوران افسران کو ہدایات

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے انوسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ کم آمدن والے ایسے شکایت کنندگان جو وکلاء کے ذریعے عدالتوں میں جانے کی سکت نہیں رکھتے، ان کی شکایات کو غیر رسمی تنازعات نمٹانے کے نظام (IRD) کے ذریعے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں۔انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں خود جا کر عوامی شکایات کو مختصر ترین وقت میں نمٹائیں۔وفاقی محتسب نے اپنے ایڈوائزروں سے کہا کہ غریب شہریوں کی پنشن، گریجوئٹی اور انشورنس کلیم کے سلسلے میں جو ادارے فنڈز کی عدم دستیابی کا بہانہ کر کے تاخیر کر رہے ہیں ان کے بارے میں مفصل رپورٹ فراہم کی جائے تا کہ یہ معاملہ حکومت کے نوٹس میں لایا جا سکے۔انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں تا کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کا اعتماد بحال رہے۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی گزشتہ روز اپنے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ہیڈ آفس کے علاوہ وفاقی محتسب کے 17 علاقائی دفاتر کے افسران نے بھی وڈیولنک کے ذریعے شرکت کی۔وفاقی محتسب کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر سید قمر مصطفیٰ نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ رواں سال کے پہلے دو ماہ کے دوران 32,006 شکایات موصول ہوئیں جب کہ 30,132 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو پچھلے سال کے ان مہینوں کے مقابلے میں بالترتیب 56 فیصد اور 53 فیصد زیادہ ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ آن لائن شکایات میں 66 فیصد اضافہ ہوا ہے۔سب سے زیادہ شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، لیسکو، پیسکو، کے الیکٹرک، سوئی گیس، میپکو اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے خلاف موصول ہوئیں۔بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات 93.6 فیصد اضافہ کے ساتھ 13,019 سے بڑھ کر 25,125 ہو گئیں جب کہ بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے ہوائی اڈوں پر بنائے گئے یکجا سہولتی ڈیسکوں کے ذریعے 24,227 شکایات اور پاکستانی مشنز کے ذریعے 854 شکایات نمٹائی گئیں۔وفاقی محتسب نے انوسٹی گیشن افسران کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی انتھک محنت اور لگن سے ہم کسی اضافی بجٹ اور اسٹاف کے بغیر اس قابل ہوئے کہ وفاقی محتسب کو ملنے والی شکایات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

09 مارچ 2023ء